حصہ اول (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) سومناتھ کے مندر سے گنگا کتنے فاصلے پر ہے؟
(الف) 3 سو کوس (ب) 5 سو کوس (ج) 6 سو کوس (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۲) ہبار بن الاسود فتح مکہ کے موقع پر کہاں فرار ہونا چاہتا تھا؟
(الف) ایران (ب) ہندوستان (ج) عراق (د) نامعلوم مقام پر

(۳) میاں یار محمد سلطنت مغلیہ میں کس حیثیت سے کام کرتے رہے؟
(الف) وزیر (ب) قاضی شہر (ج) حکمران (د) ناظم

(۴) بادشاہ اورنگ زیب کس کا بیٹا تھا؟
(الف) ہمایوں (ب) بہادر شاہ ظفر (ج) جہاں زیب (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۵) مشہور شاعر مرزا غالب کو پیار سے کیا کہتے تھے؟
(الف) غالب (ب) نجم الدولہ (ج) مرزا نوشہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۶) داؤد کی بہو کا نام کیا تھا؟
(الف) کلثوم زمانی بیگم (ب) شمیم بیگم (ج) غزالہ شاہد (د) سلطانہ توصیف

(۷) کورالی گاؤں میں شاہی خاندان کی مدد کس نے کی؟
(الف) میر فیض علی (ج) زمیندار (ج) کول کے نواب نے (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۸) زبیر کو پھانسی پر کس نے چڑھایا؟
(الف) جلاد نے (ب) عبداللہ نے (ج) قاضی یحییٰ نے (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۹) نظم شگفتگی کس نے لکھی ہے؟
(الف) خاطر غزنوی (ب) شان یون (ج) ابن انشاء (د) مرزا غالب

(۱۰) مرزا غالب نے تفضل حسین نے کیا چیز مستعار مانگی؟
(الف) اپنا مطبوعہ کلام (ب) چند سو روپے (ج) اپنے خط (د) ماہانہ وظیفہ

(۱۱) کانگریس کی بنیاد کس سن میں رکھی گئی؟
(الف) 1906ء (ب) 1923ء (ج) 1890ء (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۲) لفظ "تجربہ" کا صفت نسبتی بتائیے۔
(الف) تجربی (ب) تجارب (ج) تجربہ گاہ (د) تجرباتی

(۱۳) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں۔
(الف) مطلع (ب) حاصل غزل (ج) مقطع (د) ردیف

(۱۴) لفظ قیود کی واحد بتائیے۔
(الف) قاعدہ (ب) قد (ج) قید (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۵) نظم "صحرا کی دعا" کس نے تحریر کی ہے؟
(الف) علامہ اقبال (ب) مرزا غالب (ج) حفیظ جالندھری (د) ناصر کاظمی